حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 07.01.2022

# عوامی مسائل کے حل کیلئے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو سے متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کے وفد کی MNA صابر حسین قائمخانی، MNA صلاح الدین اور MPA ناصر حسین قریشی ،راشد خلجی، ندیم صدیقی و دیگر عہدیداران کی بجلی سے متعلق درپیش عوامی مسائل کے بارے میں گفتگو، خصوصی طور پر آنے والے موسم گرما میں بجلی سے متعلق صارفین کے مسائل کے حل کے بارے بات چیت کی گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدر آباد (  ) حیسکو ترجمان کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کے منتخب عوامی نمائندوں کے وفد نے MNA صابر حسین قائمخانی و صلاح الدین کی سربراہی میں اراکین صوبائی اسمبلی سندھ ناصر حسین قریشی، راشد خلجی، ندیم صدیقی و دیگر نے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو سے ملاقات کی اور صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل کے حل کے بارے میں بات چیت کی گئی، اس ملاقات کے دوران عوامی منتخب نمائندوں نے آنے والے موسم گرم میں حیدر آباد، ٹنڈ والہیار، میر پور خاص اور ٹنڈو آدم میں ٹرانسفارمر کی کمی کو دور کرنے کیلئے ٹرانسفارمرز، م اضافی ٹرانسفارمر ٹرالیاں اور بجلی کی بہتر فراہمی کیلئے ترتیب دیئے گئے ترقیاتی منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی تجویز دی، تاکہ عوام کو کسی بھی قسم کی پریشانی نہ ہوسکے۔ دونوں جانب سے بجلی کی چوری اور واجبات کی عدم ادائیگی کو غیر اخلاقی قرار دیتے ہوئے عوام سے اپیل کی گئی کہ بجلی چوری سے اجتناب کیا جائے اور بجلی کے بل فوری ادا کیئے جائیں تاکہ ادارہ وسائل ہونے کی وجہ سے بہتر سے بہترین خدمات سرانجام دے سکے اور صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بناسکے۔ حیسکو کی طرف سے فوکل پرسن چیف انجنیئر پلاننگ فاروق رشید نے گذشتہ میٹنگ کے بارے میں کارکردگی بتائی، حیسکو افسران اور عوامی نمائندے مل کر صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل کا حل نکال سکیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نے کہا کہ ہم عوامی نمائندوں کی تجویز پر ترقیاتی منصوبوں کو اولیت کی بنیاد پر مکمل کریں گے جس کیلئے ہم نے 4 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے ترتیب دیئے ہیں، جس میں نئے ٹرانسفارمرز، اضافی ٹرانسفارمر ٹرالیاں، H.T اور L.T کنڈکٹرز، انسولیٹرز، تاریں، بجلی کے پولز و دیگر بجلی میں استعمال ہونے والے آلات شامل ہے، جو آنے والے موسم گرما سے پہلے عوامی نمائندگان کے تجویز کردہ علاقوں میں ہی نصب کیا جائے گا، جس صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی ممکن ہوسکے گی، اور اس سیزن میں کسی بھی قسم کی پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے گا۔ میٹنگ میں حیسکو چیف کے علاوہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف انجنیئر پلاننگ فاروق رشید، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، سپرنٹینڈنگ انجنیئر حیدر آباد سرکل نثار احمد میمن، XEN گاڑی کھاتہ اختیار میمن، XEN لطیف آباد غلام فاروق تنیو، XEN قاسم آباد عقیل نور میمن، XEN پھلیلی رانا شفیق احمد، DDT لاڑ سرکل گلزار احمد دستی، انچارج شعبہ تعلقات عامہ محمد صادق کُبر و دیگر افسران اور متحدہ پاکستان کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔

مورخہ: 07.01.2022



حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد کے ساتھ MNA صابر حسین قائمخانی وصلاح الدین کی سربراہی میں عوامی مسائل کے حل کے بارے میں میٹنگ۔